Sunday 21-06-2026
epaper.sadaehussaini.com
روزنامہ صدائے حسینی
Sada-E-Hussaini

# محرم کا جلوس امن، نظم وضبط اور مذہبی ہم آہنگی کے ماحول میں منعقد ہونا چاہئے

## حیدرآباد میں بی بی کا علم لے جانے والے ہاتھی کا ریہرسل ۔ کمشنر پولیس سجنار نے لیا سکیوریٹی کا جائزہ



حیدرآباد۔/20جون (رپورٹر باقر علی) یومِ عاشورہ 10 محرم الحرام کو برآمد ہونے والے تاریخی جلوسِ سواریِ علمِ بی بی مبارک کے انتظامات کے سلسلے میں حیدرآباد پولیس کمشنر جناب وی سی سجنار (IPS) نے جناب تفسیر اقبال ایڈیشنل کمشنر آف پولیس حیدرآباد کے ہمراہ الاوہ بی بی مبارک دبیر پورہ کا دورہ کرتے ہوئے علمِ بی بی مبارک کو ڈھی پیش کی اور زیارت کا شرف حاصل کیا۔اس موقع پر کمشنر وی سی سجنار، مجلسی رکنِ کونسل جناب مرزا ریاض الحسن افندی، جناب میر فراست علی باقری بی جے پی سینئر لیڈر نے یوم عاشورہ کو برآمد ہونے والے جلوس سواری علم بی بی مبارک کیلئے کیرلا سے آئی ہوئی ہتھنی 'سری دیوی' کی سالانہ ٹرائل واک (ریہرسل) جلوس کو جھنڈی دیکھا کر روانہ کیا جو حسب روایت مختلف راستوں سے گزرتے ہوئے مسجدِ الٰہی، چادر گھاٹ پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔ ریہرسل کے دوران ڈی سی پی چار مینار زون کرن کھرے (IPS)، جناب سید سہیل قادری سابق کارپوریٹر، جناب علمدار والا جاہی سابق کارپوریٹر، جناب نجف علی شوکت صدر مرکزی انجمن ماتمی گروہان، جناب سید حامد حسین جعفری، پولیس کے دیگر اعلی عہدیداران کے علاوہ بڑی تعداد میں عزاداران موجود تھے۔ ٹرائل واک کے ذریعے ہاتھی کے رویے، جلوس کے روایتی راستوں اور سکیوریٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تاکہ یومِ عاشورہ کے مرکزی جلوس کو بخوبی اور منظّم انداز میں منعقد کیا جا سکے۔اس موقع پر پولیس کمشنر وی سی سجنار نے بتایا کہ یومِ عاشورہ کے جلوس کے دوران شہر میں سخت حفاظتی انتظامات کیے جائیں گے اور تقریباً دو ہزار پولیس اہلکار سکیوریٹی اور ٹریفک کی نگرانی پر مامور رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جلوس کے گزرنے والے راستوں پر ضرورت کے مطابق ٹریفک پابندیاں عائد کی جائیں گی اور شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیس سے مکمل تعاون کریں۔ وی سی سجنار نے کہا کہ حیدرآباد کی گنگا جمنی تہذیب، مذہبی رواداری اور باہمی احترام کی روشن روایت کی عکاسی کرتے ہوئے محرم کے جلوس امن، نظم وضبط اور مذہبی ہم آہنگی کے ماحول میں منعقد ہونے چاہئیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ عزاداروں کو تمام ممکنہ سہولیات فراہم کرتے ہوئے جلوس کے پرامن انعقاد کو یقینی بنایا جائے گا۔

## سانپ سے کھیلنا جان لیوا فارم ہاس کے مالک نواب محی الدین کی موت

حیدرآباد۔20/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) حیدرآباد کے راجندر نگر کے ایک فارم ہاس میں گھس آنے والے زہریلے سانپ کے بچے سے کھیلنا 30 سالہ فارم ہاس مالک نواب سید محیالدین حسینی کے لیے جان لیوا ثابت ہوا۔اطلاعات کے مطابق نواب نے سانپ کو ہاتھوں سے پکڑ لیا اور کافی دیر تک اسے ہاتھ میں تھامے اپنے دوستوں کو ڈراتے رہے۔اسی دوران سانپ نے ان کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر ڈس لیا۔نواب نے اسے معمولی واقعہ سمجھتے ہوئے سنجیدگی سے نہیں لیا اور دوستوں کے سامنے ہنستے ہوئے کہا کہ انہیں کسی علاج کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، زہریلے سانپ کا اثر کچھ ہی دیر میں ظاہر ہونا شروع ہو گیا اور انہیں سانس لینے میں دشواری پیش آنے لگی۔ حالت بگڑنے پر دوستوں نے انہیں فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا، جہاں ڈاکٹروں نے انہیں بچانے کی کوشش کی، تاہم زہر جسم میں تیزی سے پھیل جانے کے باعث نواب سید محی الدین حسینی علاج کے دوران تقریباً تین گھنٹوں کے اندر دم توڑ گئے۔ مقامی افراد کے مطابق نواب سانپ کو پکڑنے کے بعد اسے چھوڑنے کے بجائے اس کیساتھ کھیل رہے تھے اور دوستوں کے ساتھ ویڈیو بھی بنا رہے تھے، جس کے دوران یہ افسوسناک حادثہ پیش آیا۔

## نیٹ (NEET) امتحان میں شرکت کرنے والے تمام طلبہ کے لیے وزیر اعلی اے۔ ریونت ریڈی کی نیک تمنائیں



حیدرآباد۔20/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) وزیر اعلی جناب اے ریونت ریڈی نے نیٹ (NEET) امتحان میں شرکت کرنے والے تمام طلبہ کو دل کی گہرائیوں سے نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اتوار کے روز دوبارہ منعقد ہونے والے اس اہم امتحان میں طلبہ کسی بھی قسم کی پریشانی یا ذہنی دبا کا شکار ہوئے بغیر مکمل اعتماد اور سکون کے ساتھ امتحان دیں۔ وزیر اعلی نے کہا کہ طبی تعلیم میں داخلے کے لیے اس اہم امتحان کی تیاری میں طلبہ نے طویل عرصے سے محنت کی ہے، لہذا انہیں اپنی محنت اور عزم پر بھروسہ رکھتے ہوئے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ ملک بھر میں منعقد ہونے والے نیٹ امتحان کے سلسلے میں ریاست تلنگانہ میں تقریباً 208 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں، جہاں لگ بھگ 2.95 لاکھ طلبہ امتحان میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعلی نے یاد دلایا کہ طلبہ کی سہولت کے لیے آر ٹی سی بسوں میں مفت سفر کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ وزیر اعلی نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ آخری لمحے تک انتظار کرنے کے بجائے وقت سے پہلے امتحانی مراکز پہنچیں، امتحان کے تمام قواعد وضوابط پر عمل کریں اور پرسکون ذہن کے ساتھ امتحان دیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام طلبہ اپنے اہداف حاصل کرتے ہوئے زندگی میں اعلی کامیابیاں اور بلند مقام حاصل کریں گے۔

## میناکشی نٹراجن کی نامزدگی مسترد کیے جانے کے خلاف حیدرآباد میں جمہوریت بچاؤ ستیاگرہ کا انعقاد



راجیہ سبھا انتخاب کے لیے کانگریس کی سینئر لیڈر میناکشی نٹراجن کا پرچہ نامزدگی مسترد کیے جانے کا معاملہ سرخیوں میں ہے۔ عدالت نے بھی اس معاملہ میں ایسا فیصلہ سنایا، جس سے میناکشی نٹراجن اور کانگریس کے سرکردہ لیڈران انتہائی مایوس ہیں۔ اس معاملہ پر آج حیدرآباد میں جمہوریت بچاؤ ستیاگرہ کا انعقاد کیا گیا، جس میں بی جے پی کے ساتھ ساتھ الیکشن کمیشن کو بھی ہدف تنقید بنایا گیا۔ کانگریس نے اپنے آفیشیل ایکس ہینڈل سے جمہوریت بچاؤ ستیاگرہ کی کچھ تصویریں جاری کی ہیں اور ساتھ ہی مطلع کیا ہے کہ میناکشی نٹراجن کی راجیہ سبھا انتخاب کے لیے نامزدگی مسترد کیا جانا جمہوری اقدار، آئین اور انتخابی عمل کی غیر جانبداری پر سنگین سوال کھڑے کرتا ہے۔ ساتھ ہی لکھا ہے کہ میناکشی نٹراجن کا پرچہ نامزدگی مسترد کیے جانے کے خلاف راجیو گاندھی پنچایت راج سنگٹھن کے قومی صدر سنیل پنوار کی قیادت میں ایک ستیاگرہ منعقد کیا گیا۔ اس دوران تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش گوڑ سمیت کانگریس کے کئی سینئر لیڈران و کارکنان موجود رہے۔ اس موقع پر تلنگانہ کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے لوگوں کے ہجوم سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی پر جمہوری اداروں کو کمزور کرنے اور سیکولر آوازوں کو دبانے کی کوشش کا الزام عائد کیا۔ ساتھ ہی انھوں نے کہا کہ میناکشی نٹراجن کی نامزدگی مسترد کیا جانا سیاسی محرکات پر مبنی اقدام ہے اور یہ اپوزیشن قوتوں کو کمزور کرنے اور انتخابی عمل میں مداخلت کی ایک بڑی سازش کا حصہ ہے۔ مہیش گوڑ نے بی جے پی پر علاقائی پارٹیوں کو نشانہ بنانے، ہر سال 2 کروڑ روزگار فراہم کرنے کے وعدے کو پورا نہ کرنے اور ملک کی دولت کو چند مخصوص افراد کے ہاتھوں میں مرکوز ہونے دینے کا بھی الزام لگایا۔ انھوں نے مودی حکومت کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا کہ قومی اہمیت کے مسائل کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، اور جواہر لعل نہرو، اندرا گاندھی، راہل گاندھی جیسے لیڈران کی سیاسی وراثت کو مسخ کر کے پیش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

## ہیرا گروپ معاملے: ای ڈی نے 159 کروڑ روپے مالیت کی 23 جائیدادیں کیں نیلام

حیدرآباد۔ 20/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ) ای ڈی (نے مبینہ مالیاتی دھوکہ دہی کے ایک بڑے معاملے میں ملزمہ نوہیرا شیخ، ہیرا گروپ آف کمپنیز اور اس سے وابستہ اداروں کی تقریباً 159 کروڑ روپے مالیت کی 23 غیر منقولہ جائیدادیں نیلام کر دی ہیں۔ ای ڈی نے ہفتہ کو بتایا کہ یہ اقدام ملک بھر میں مبینہ طور پر دھوکہ دہی کا شکار ہونے والے ہزاروں سرمایہ کاروں کو ان کی رقم واپس دلانے کی سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ نیلامی 19 جون کو میٹل اسکریپ ٹریڈ کارپوریشن لمیٹڈ) ایم ایس ٹی سی (کے ذریعے سپریم کورٹ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے منعقد کی گئی۔ ای ڈی کے مطابق حیدرآباد یونٹ نے نوہیرا شیخ، ہیرا گروپ اور دیگر افراد کے خلاف منی لانڈرنگ کی تحقیقات شروع کی تھیں۔ تحقیقات میں الزام عائد کیا گیا کہ ملزمان نے عوام کو سالانہ 36 فیصد سے زائد منافع کا لالچ دے کر 5,978 کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری حاصل کی، لیکن بعد میں سرمایہ کاروں کو ان کی اصل رقم بھی واپس نہیں کی گئی۔ ایجنسی کا کہنا ہے کہ اس مبینہ دھوکہ دہی سے مختلف ریاستوں کے ہزارو ں سرمایہ کاروں کو بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ ای ڈی نے بتایا کہ نیلام کی گئی تمام جائیدادیں پہلے ہی پریونشن آف منی لانڈرنگ ایکٹ 2002 کے تحت ضبط کی جا چکی تھیں۔ ایجنسی کے مطابق ان جائیدادوں کو جرم سے حاصل ہونیوالی آمدنی (Proceeds of Crime) قرار دیا گیا تھا، جس کی بعد میں متعلقہ عدالتی اتھارٹی نے بھی توثیق کی۔ نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم سپریم کورٹ کی نگرانی میں حقیقی سرمایہ کاروں اور متاثرین کو واپس کی جائے گی، جس سے معاوضے کی ادائیگی کے عمل میں تیزی آنے کی امید ہے۔

## پوکسو کیس میں بنڈی بھگیرتھ کی ضمانت منظور

حیدرآباد۔20/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) پوکسو کیس میں بنڈی بھگیرتھ کے بیٹے کو عدالت سے بڑی راحت مل گئی ہے۔ گزشتہ ایک ماہ سے عدالتی ریمانڈ پر جیل میں محروس بھگیرتھ کو ملکاجگیری عدالت نے ہفتہ کے روز ضمانت منظور کر لی۔ یاد رہے کہ حال ہی میں درج پولیس نے بھگیرتھ کے خلاف پوکسو ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرتے ہوئے انہیں گرفتار کیا تھا۔ بعد ازاں عدالت نے انہیں ریمانڈ پر جیل بھیج دیا تھا جس کے بعد وہ گزشتہ ایک ماہ سے جیل میں تھے۔

## حیدرآباد میں لڑکے کو پاکستانی کہنے والے شخص کے خلاف کیس درج




حیدرآباد۔20/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) حیدرآباد کی جواہر نگر پولیس نے لڑکے کو پاکستانی کہنے والے شخص کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ورنگل سے تعلق رکھنے والی خاتون شیخ نسیمہ شہر کے علاقہ کاپرا، جنا پریہ لیک فرنٹ اپارٹمنٹ میں مقیم ہیں۔ ان کے دو بچے دہلی میں رہتے ہیں۔ اس دوران خرابی صحت کے باعث ان کے رشتہ دار کا لڑکا ندیم ان کے گھر آیا اور ان کی تیمارداری کر رہا تھا۔ اس نے خاتون کو ہاسپٹل منتقل کیا اور علاج کروایا۔ خاتون نے بتایا کہ اس دوران ان کے چھوٹے بیٹے کی دوست پراچی نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر اپنا مکان خالی کر دیا جس پر انہوں نے اس لڑکی کو اپنے مکان میں رہنے کی اجازت دی۔ اس لڑکی کے پاس پالتو بلیاں بارشیں کیٹس ہیں۔ انہیں گھر میں رکھنے کی وجہ سے انہیں سانس لینے میں تکلیف ہو رہی تھی جس پر بلیوں کو بالکنی میں رکھا گیا۔ بلیوں کو بالکنی میں رکھنے پر پڑوسیوں نے اعتراض کیا اور پراچی کو آدھی رات کو گھر سے نکال دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے ہنگامہ کھڑا کیا۔ خاتون کے مطابق مکان کے مسئلہ پر ان کے اور مالک مکان کے درمیان مسئلہ چل رہا تھا تاہم میچنگ کمیٹی کے ذمہ داروں نے پراچی اور ندیم کو یہاں آنے پر اعتراض کرتے ہوئے بیجا الزامات عائد کئے اور پاکستانی ایجنٹ کہا گیا۔ اس دوران میچنگ کمیٹی کے ایک ذمہ دار نے لڑکے کو پاکستانی کہا علاوہ ازیں ان پر بھی پاکستانی ایجنٹ کا الزام عائد کیا گیا۔ خاتون نے بتایا کہ اس سلسلہ میں انہوں نے پولیس سے شکایت کی۔ جواہر نگر پولیس کے مطابق لڑکے کو پاکستانی کہنے والے شخص کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ اس معاملے کا انکشاف اس وقت ہوا جب سوشل میڈیا پر لڑکے کو پاکستانی کہنے کا ویڈیو تیزی کے ساتھ وائرل ہو گیا اور لوگ اس طرح کے ریمارکس کرنے والے شخص کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کرنے لگے۔

## تلنگانہ میں نئے ووٹرس کے اندراج پر چیف الیکٹورل آفیسر کا بڑا بیان

حیدرآباد۔20/ جون (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) تلنگانہ کے چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں اسپیشل انٹینسیو ریویژن یعنی ایس آئی آر کے عمل کو مکمل شفافیت اور درستگی کے ساتھ انجام دیا جائے گا تاکہ ووٹر فہرستوں میں کسی قسم کی غلطی یا بے ضابطگی کی گنجائش نہ رہے۔ حیدرآباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سدرشن ریڈی نے کہا کہ بعض حلقوں میں یہ خبریں گردش کر رہی ہیں کہ نئے ووٹروں کے اندراج کا موقع نہیں دیا جا رہا تاہم یہ تمام خبریں بے بنیاد اور غلط ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اہل شہریوں کو ووٹر فہرست میں اپنا نام درج کروانے کا پورا موقع فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ مرکزی الیکشن کمیشن کے مقررہ شیڈول کے مطابق 25 جون سے بوتھ لیول افسران اپنے اپنے پولنگ اسٹیشنوں کے علاقوں میں گھر گھر جا کر اینیومریشن فارم تقسیم کریں گے۔ ووٹروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ 25 جولائی تک یہ فارم جمع کرا دیں۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے وضاحت کی کہ نئے ووٹرز بھی اسی فارم کے ذریعے اپنے ووٹ کے اندراج کی درخواست دے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے کئی علاقوں میں تقریباً 80 فیصد میپنگ کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ سدرشن ریڈی کے مطابق حکومت کی جانب سے جاری کردہ دستاویزات بھی قابل قبول ہوں گی جبکہ 2002 سے ووٹر فہرستوں سے منسلک افراد کو اضافی دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ یکم اکتوبر کو حتمی ووٹر فہرست کی اشاعت تک الیکشن کمیشن کے طے شدہ شیڈول کے مطابق تمام مراحل مؤثر طریقے سے مکمل کیے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے ڈیٹا انٹری آپریٹروں کی بھی تقرری کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بوتھ لیول افسران کی جانب سے جمع کروائے گئے فارمس کو مسودہ ووٹر فہرست میں شامل کیا جا رہا ہے جبکہ تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ اجلاس منعقد کرنے کی ہدایت بھی متعلقہ حکام کو دی گئی ہے تاکہ پورا عمل شفاف اور قابل اعتماد بنایا جا سکے۔
























ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹرپرائزز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔